شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

27اکتوبر2023ء

پریس ریلیز

اسرائیل کی غزہ میں قتل وغارت گری سے دنیا کا امن تباہ ہو جائے گا۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): اسرائیل کی غزہ میں قتل و غارت گری سے دنیا کا امن تباہ ہو جائے گا۔یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنہوں نے کہا کہ ناجائز اسرائیل کی وحشیانہ بمباری سے غزہ میں سات ہزار سے زیادہ فلسطینی مسلمان شہید ہو چکے ہیں۔ غزہ کی پچاس فیصد عمارتیں تباہ کر دی گئی ہیں۔ اسرائیل غزہ پر زمینی حملہ کی پوری تیاری کر چکا ہے اور فلسطینی مسلمانوں کی اس نسل کشی میں اُسے امریکہ، مغربی یورپ اور بھارت کی مکمل آشیر باد حاصل ہے۔حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل کے اِس پاگل پن کے باعث دنیا عالمی جنگ کے دھانے پر پہنچ چکی ہے۔ روس نے سی ٹی بی ٹی معاہدے کو منسوخ کرکے جوابی ایٹمی حملوں کی بھرپور مشق کی ہے۔ چین نے اقوامِ متحدہ کی سیکیورٹی کونسل میں دو ٹوک موٗقف اختیار کیا ہے کہ غزہ پر جاری اسرائیلی بمباری سے معصوم فلسطینی ہزاروں کی تعداد میں جان سے جا رہے ہیں جو کسی طور پر بھی قابلِ قبول نہیں۔اگر مسلمان ممالک ایک متفقہ سوچ کے ساتھ اور امتِ واحدہ کی صورت اختیار کرکے اسرائیل اور اُس کے سرپرستوں کا مقابلہ نہیں کرتے اور استطاعت کے باوجود جہاد سے گریز کرتے ہیں تو عالمِ کفر اُنہیں الگ الگ نیست و نابود کردے گا۔ پاکستان نے بھی حالیہ دنوں میں پے در پے میزائل کے تجربے کیے ہیں جس سے ساری دنیا کو ایک واضح پیغام دیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمیں اسرائیل کے معاملے میں بانیانِ پاکستان کے اس اصولی موٗقف کو سختی سے اپنانا ہوگا کہ اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے جو کسی بھی صورت میں قابلِ تسلیم نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل کے نزدیک پاکستان اُس کا صفِ اوّل کا دشمن ہے۔ 1967ء میں اسرائیلی وزیراعظم بن گوریاں نے پاکستان کو اسرائیل کا خطرناک ترین حریف قرار دیا تھا۔ پھر یہ کہ کچھ عرصہ قبل موجودہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں سے متعلق ایک سوال کے جواب میں پاکستان کو ڈی نیوکلیئر آئز کرنے کی خواہش کا اظہار کر چکا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے حکمرانوں اور مقتدر حلقوں کو ہر سطح پر الرٹ رہنے کی ضرورت ہے۔ ملک میں سیاسی استحکام اور سیاسی ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے۔ ملک کے معاشی مسائل کو حل کیا جائے۔ ملک کی اسلامی نظریاتی اساس کی طرف عملی طور پر پیش قدمی کی جائے۔ تاکہ پاکستان کے دفاع کو حقیقت میں ناقابلِ تسخیر بنایا جا سکے اور وطن عزیز مستقبل میں امتِ مسلمہ کی امامت کا فریضہ سرانجام دے سکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیم اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 27 October 2023

"The genocide being perpetrated by Israel in Gaza will destroy global peace."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The genocide being perpetrated by Israel in Gaza will destroy global peace." This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that more than seven thousand Palestinian Muslims have been martyred in Gaza in the last few days as a result of the brutal bombing by illegitimate Israel. Half of Gaza's buildings have been razed to the ground. Israel is preparing for a full-scale ground assault on Gaza and has the unconditional and total backing of USA, Western Europe and India in the genocide of Muslims. The truth is that we are at the brink of a world war due to Israel's madness. Russia has exited the CTBT and has carried out an exercise of delivering a "massive nuclear strike" in response to an enemy nuclear strike. China has clearly stated in the UNSC that the Israeli bombing of Gaza is leading to the death of thousands of civilians, which is not acceptable. The Ameer said that if the Muslim countries do not develop the harmony of thought to combat Israel and its sponsors, with unity, and keep refraining for waging Jihad according to their capacity, then Israel will rout them one after another. He said that Pakistan has carried out successive missile tests in the last few days, giving a clear message to the world. The truth is that we need to adhere strictly to the principled stance of the founding fathers of Pakistan, who refused to ever recognize Israel, as it is an illegitimate state. The fact is that Israel considers Pakistan as its greatest enemy. David Ben-Gurion, the ex-PM of Israel said in 1967 that Pakistan is the biggest threat to Israel. Only recently, the current PM of Israel Benjamin Netanyahu while answering a question regarding the nuclear program of Pakistan expressed the wish to denuclearize Pakistan. The Ameer said that our government and state institutions must remain on high alert. It is imperative to promote political unity and tolerance in the country. The country's economic problems must be solved. We must make strides towards practically implementing the Islamic constructs the country. So that the defence of Pakistan may become impregnable and Pakistan could become the leader of the Muslim Ummah in the future.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan